18. Dr. Sarfaraz (Professor at the University of Peshawar)
19. Mukhtar Bacha (Leader of the National Party)
20. Dr. Shabbir Geelani (Pakistan Awami Tehrik)
21. Shahmim Shahid (Journalist)
22. Dr. Liaquat Ali (Physician)
23. Shahab Khattak (Lawyer),
24. HinaAlauddin (lecturer, Faculty of Law, University of Peshawar).

| | |
|---|---|
| صفدر مسیح | ( کوارڈینیٹر چرچ آف پاکستان ) |
| سردار گوپال | (سکھ رہنما) |
| سورن سنگھ | (رکن خیبر پختونخواہ اسمبلی) |
| ہارون سربدیال | (ہندو کمیونٹی ممبر) |
| شام لال | (ہندو سکالر) |
| ڈاکٹر خادم حسین | (سربراہ باچا خان ایجوکیشن فاؤنڈیشن) |
| جعفر شاہ | (رکن خیبر پختونخواہ اسمبلی) |
| عارف یوسف | (رکن خیبر پختونخواہ اسمبلی) |
| عصمت النساء | (جمیعت علماء اسلام) |
| ڈاکٹر سرفراز خان | (پروفیسر پشاور یونیورسٹی) |
| مختار باچا | (رہنما نیشنل پارٹی) |
| ڈاکٹر بشیر گیلانی | (پاکستان عوامی تحریک) |
| شمیم شاہد | (صحافی) |
| شہاب خٹک | (وکیل) |
| حنا علاؤالدین | (لیکچرر فیکلٹی آف لاء۔ پشاور یونیورسٹی) |

کرنا چاہیں، کر سکیں۔ اگرچہ میڈیا کی خبروں کے مطابق خیبر پختونخواہ ٹیکسٹ بک بورڈ نے صوبائی حکومت کی ہدایات پر اخلاقیات کے مضمون پر کتابیں تیار کرنا شروع کر دی ہیں مگر اس بات کا احساس بہت ضروری ہے کہ ان مسائل کو حل کرنے کیلئے محض اعلانات کافی نہیں بلکہ فوری اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔

## تجاویز

تعلیمی پالیسی کو وقت کی ضروریات، قومی اور بین الاقوامی قوانین کی روشنی میں اور اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ازسرِ نو بنایا جائے۔

1- اخلاقیات کو اسلامیات کے متبادل اختیاری مضمون کے طور پر متعارف کروایا جائے۔

2- اخلاقیات کی کتابوں اور اساتذہ کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

3- اخلاقیات کی کتابوں کی مارکیٹ میں دستیابی کو یقینی بنایا جائے اور ٹیکسٹ بک بورڈ کی ویب سائٹ پر بھی رکھا جائے تاکہ عدم دستیابی کی صورت میں انھیں وہاں سے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکے۔ پرائمری اور مڈل کی سطح پر عام اساتذہ اسے پڑھا سکتے ہیں مگر بڑی جماعتوں کی سطح پر اس مضمون کے ماہر اساتذہ کو تعینات کیا جائے۔

4- حکومت معاشرہ کی ذہنی کیفیت کو تبدیل کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے اور خاص طور پر سکولوں کو پابند کیا جائے کہ وہ مذہبی تعلیم نہ دیں بلکہ مذہبی تعلیم کی فراہمی دینی مدارس یا بچے کے گھر کی ذمہ داری ہونی چاہیے۔

یہ تحقیقی رپورٹ مذہبی اقلیتوں (ہندو، سکھ مسیحی اور احمدی) کے نمائندگان، وکلاء، صحافی اور ترقیاتی سیکٹر کے کارکنوں کے ساتھ کیے گئے مکالموں پر مبنی ہے۔ ان میں نمایاں لوگوں کے نام درج ذیل ہیں:-

| | |
|---|---|
| فادر ولیم | (سربراہ سینٹ جان چرچ) |
| گلشن بھٹی | (سابقہ ناظم اور سیاسی کارکن) |
| ڈاکٹر جان | (مسیحی لیگ پارٹی) |
| ڈاکٹر صفدر | (ماہرِ تعلیم) |
| لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) | کنول پی آئزک |

ترک کرنے کا فیصلہ کرنا پڑا کیونکہ یہ مضمون پڑھانے کیلئے کوئی استاد میسر نہیں تھا۔ جناب بوشن لال چنو جو کہ ایک سیاست دان، استاد اور سابقہ سرکاری ملازم ہیں انہوں نے بتایا کہ 60 کی دہائی میں ان کی پڑھائی کے دور میں دینیات کا مضمون تھا جس میں دوسرے مذاہب کے مذہبی رہنماؤں کے بارے میں بھی پڑھایا جاتا تھا۔ انہوں نے اس وقت کے اکثریتی لوگوں کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے شکایت کی کہ اب تو اخلاقیات کے دسویں جماعت کے درجہ کی کتاب میں بھی ہندو بچوں کے جذبات کو مجروح کیا جاتا ہے کیونکہ اس میں درج ہے کہ کرشنا کو ایک تیر انداز نے تیر مار کر قتل کیا تھا جبکہ ہندو عقیدہ کے مطابق کرشنا جیسی شخصیت کو مارا نہیں جاسکتا بلکہ وہ روپوش ہو گئے تھے۔

انہوں نے کہا کہ جب تک تعلیمی پالیسی کو وقت کی ضرورت کے مطابق تبدیل نہیں کیا جاتا اس وقت تک اقلیتوں سے امتیازی سلوک جاری رہے گا۔ انہوں نے 2012ء کا بھی حوالہ دیا جب اقلیتوں کے 23 طالب علموں نے خیبر میڈیکل کالج میں داخلہ کیلئے درخواست دی مگر ان میں سے ایک کو بھی داخلہ نہ مل سکا۔ خیبر پختونخواہ میں اقلیتوں نے فنی تعلیمی اداروں میں خاص طور پر انجینئرنگ ،میڈیکل اور قانون کی تعلیم کے اداروں میں اقلیتوں کیلئے کوٹہ مخصوص کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اسی طرح اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے بہت سے دوسرے طلبہ وطالبات نے اپنے ساتھ امتیازی رویہ کی شکایت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ اسلامیات کے متبادل مضمون کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں۔ اب یہ بات مزید اہمیت کی حامل ہے کہ اب اپنی ترجیحات کو متعین کرنے کا وقت ہے اور ریاست عوام کی قسمت کا فیصلہ کرنے کی بجائے عوام کو ریاست کی قسمت بنانے اور سمت مقرر کرنے کے قابل بنائے۔

اس بات کو تسلیم کرنے کی ضرورت ہے کہ بچوں کو کسی خاص مضمون کے چند اوراق پڑھا کر عالم نہیں بنایا جاسکتا۔ بلکہ ہماری توجہ وقت کی ضرورت کے مطابق ان کی شخصیت کو ڈھالنے پر مرکوز ہونی چاہیے۔ ان کی تعلیم کی بنیاد نفرت اور انا پرستی کے رویوں پر مبنی نہیں بلکہ محبت، مل جل کر رہنے اور دوسروں کے احترام کیلئے ہونی چاہیے۔ اب سائنسی مضامین اور قومی ادب کی تعلیم پر توجہ دینے کا وقت ہے۔ ہمارے ہیروز صرف جنگجو نہیں بلکہ وہ بھی ہونے چاہیے جنہوں نے دوسرے میدانوں میں کارہائے نمایاں سرانجام دیئے ہیں۔

اس تفریق کو ختم کرنے اور اقلیتوں کے جذبات کا احساس کرتے ہوئے انہیں خصوصی مراعات دی جائیں تا کہ وہ جہاں تعلیم حاصل

چرچ آف پاکستان کے کوارڈینیٹر صفدر مسیح (سابقہ پرنسپل ایڈورڈ ہائی سکول۔ پشاور) کا کہنا ہے کہ 80 فیصد مسیحی طلبہ وطالبات پشاور کے چار مشنری سکولوں۔ ایڈورڈ ہائی سکول، سینٹ جان ہائی سکول، سینٹ میری اور کانونٹ ہائی سکول میں زیرِ تعلیم ہیں۔ بنوں، نوشہرہ اور رسالپور کے علاقوں میں بھی مشنری سکول ہیں۔ ان سکولوں میں طلبہ وطالبات کو اخلاقیات اور اسلامیات کے مضمون اختیار کرنے کی اجازت ہے۔ کانونٹ ہائی سکول سوات جس کو دہشت گردی کی وجہ سے بند کر دیا گیا تھا، اب دوبارہ کھولا جا رہا ہے۔

پشاور میں تقریباً 15 مشنری سکول ہیں جبکہ پورے خیبر پختونخواہ میں 35 کے قریب مشنری سکول ہیں۔ جن میں تقریباً 10 سے 12 ہزار مسیحی بچے زیرِ تعلیم ہیں۔ ان سکولوں میں تقریباً 5000 غیر مسیحی بچے۔ مسلمان، سکھ اور ہندو بھی زیرِ تعلیم ہیں۔

سکھ برادری کے ایک 19 سالہ طالب علم، جو گورنمنٹ ہائی سکول آسیہ گیٹ پشاور میں زیرِ تعلیم ہے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر یہ بتایا کہ 2010ء میں اسے سکول میں سکھوں کی تاریخ پر ایک کتاب لے جانے کی پاداش میں استاد کے غیض وغضب کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کے استاد نے اسے ساری جماعت کے سامنے کافر قرار دیا اور نامناسب الفاظ کا استعمال بھی کیا۔ سکھ برادری کے ایک اور طالب علم نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ دسویں جماعت میں اسے اور اسکے تین اور سکھ دوستوں کو سکول میں اسلامیات پڑھنے پر مجبور کیا گیا کیونکہ ان کے پاس کوئی دوسرا متبادل مضمون موجود نہیں تھا۔

گرودوارہ جگن شاہ (پشاور) سے سکھ برادری کے ایک بزرگ نے بتایا کہ پشاور میں سکولوں کی تعداد تین ہزار ہے اور وہاں (پشاور) سکھ طالب علموں کی تعداد 475 سے 500 تک ہے۔ سکھ برادری کو نصابی کتب میں بابا گرونانک اور گرو تیغ بہادر کی بیان کی گئی تاریخ کے حوالے سے اعتراضات ہیں۔ اسلامیات کو پڑھنا تو ایک مسئلہ ہے ہی مگر سکولوں میں اساتذہ اور مسلم طالب علموں کا رویہ بھی ان کے ساتھ قابلِ افسوس ہے۔ مثال کے طور پر پشاور یونیورسٹی کے شعبہ کمپیوٹر کے ایک طالب علم کو اپنی پڑھائی کو چھوڑنا پڑا جب اس کے استاد نے اسلامیات میں بہت اچھے نمبر حاصل کرنے پر اسے اسلام قبول کرنے کو کہا۔ سکھ برادری کے ایک اور رکن نے اپنا نام نہ ظاہر کرنے کی شرط پر بتایا کہ اس کا بھائی جو گورنمنٹ سکول آسیہ گیٹ میں زیرِ تعلیم تھا اسے اپنی پڑھائی کو چھوڑنا پڑا جب اس کے ساتھی طالب علموں نے پگڑی پہننے پر اس کے ساتھ برا سلوک کیا۔

روزنامہ ''ڈان'' کی ایک رپورٹ کے مطابق گورنمنٹ ہائی سکول دب گری کے ایک غیر مسلم طالب علم کو اخلاقیات کے مضمون کو

| | |
|---|---|
| 11۔ آئین پاکستان کا آرٹیکل (i)22 یہ کہتا ہے کہ تعلیمی اداارے میں زیرِ تعلیم شخص کو مجبور نہیں کیا جاسکتا کہ وہ کوئی ایسی مذہبی تعلیم لے، یا عبادت کا حصہ بنے، یا کسی اجتماع میں شریک ہو جو کہ اس کے اپنے مذہب، عبادت سے مطابقت نہ رکھتا ہو۔ | اسلامیات کے ساتھ دوسرے مضامین جیسے کہ معاشرتی علوم اور لسانیات بھی دس سے چالیس فیصد تک اسلام سے متعلق مواد رکھتی ہیں جسکو غیر مسلم طلبہ وطالبات کو پڑھنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔۔ |
| 12۔اسی طرح معاشی، سماجی اور تہذیبی حقوق کا بین الاقوامی معاہدہ کا آرٹیکل (i)13 یہ کہتا ہے کہ ''اس معاہدہ کی دستخطی ریاستیں ہر کسی کے تعلیم کے حصول کے حق کو تسلیم کریں۔ وہ اس سے متفق ہوں کہ تعلیم کا مقصد انسان کی شخصیت کی ترقی اور اس کی عظمت کی پہچان ہو اور یہ انسانی حقوق کا احترام اور بنیادی آزادیوں کو تقویت دے۔ اور وہ مزید اس سے اتفاق کریں کہ تعلیم انسان کو اس قابل بنائے کہ وہ آزاد معاشرے میں موثر طریقے سے شمولیت اختیار کر سکے۔ سوجھ بوجھ اور برداشت، تمام اقوام کیلئے، نسلی، لسانی اور مذہبی گروہوں میں دوستی اور اقوام متحدہ کے امن کو قائم رکھنے سے متعلق کاموں کو فروغ دے سکے۔ | |
| 13۔ اور اس معاہدہ کا آرٹیکل (iii)13 کہتا ہے کہ اس معاہدہ کی دستخطی ریاستیں اس بات کا اعادہ کریں کہ والدین کی آزادی اور، جہاں اطلاق ہو، قانونی وارثین اپنے بچوں کیلئے سرکاری سکولوں کے علاوہ بھی ایسے تعلیمی اداروں کا چناؤ کر سکیں کہ جو ریاست کی طرف سے مقرر کیے گئے معیار کے مطابق ہوں اور وہ اپنے اعتقادات کے مطابق اپنے بچے کی مذہبی اور اخلاقی تربیت کر سکیں۔ | |

| | |
|---|---|
| 6۔اقوامِ متحدہ کے اعتقاد اور مذہب کی بنیاد پر عدم برداشت اور امتیاز کی تمام اقسام کے خاتمہ کا معاہدہ (1981) یہ کہتا ہے کہ مذہب اور اعتقاد کی بنیاد پر کسی سے کوئی امتیاز نہیں برتا جائے گا۔ | ناظرہ قرآن کا مضمون نصاب میں متعارف کروایا گیا تاہم غیر مسلم طلبہ وطالبات کے لیے اس کا کوئی متبادل موجود نہیں ہے۔ |
| 7۔قومی، لسانی اور مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے انسانی حقوق کا معاہدہ۔ اس کے آرٹیکل 4 کے مطابق ''ریاستیں جہاں ضرورت ہو ایسے تمام اقدامات اٹھائیں گیں۔ جو اس بات کو یقینی بنائے کہ اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد اپنے تمام انسانی حقوق اور بنیادی آزادیوں کا کسی بھی امتیاز کے بغیر اور قانون کے سامنے برابری کا موثر اور مکمل طور پر استعمال کر سکیں۔ | |
| 8۔اقوام متحدہ کا مذہب اور اعتقاد کی بنیاد پر امتیاز کے خاتمہ کا معاہدہ اس بات پر زور دیتا ہے کہ ریاستیں ایسے موثر اقدامات اٹھائیں گیں جو مذہب اور اعتقاد کی بنیاد پر امتیاز کا خاتمہ کرے۔ | |
| 9۔ مذہب اور اعتقاد کی بنیاد پر عدم برداشت اور امتیاز کی تمام اقسام کے خاتمہ کا معاہدہ 1981ء یہ کہتا ہے کہ ہر کسی کو خیال، شعور اور مذہب کی آزادی ہوگی۔ | |
| 10۔بچوں کے حقوق کا معاہدہ کے آرٹیکل 14 کے تحت اس معاہدہ کی توثیق کرنے والی ریاستیں بچوں کے خیال، شعور اور مذہبی آزادی کے حق کا احترام کریں گیں۔ | |

''برِّصغیر کی تقسیم کے بعد ہندوؤں اور سکھوں نے سوچے سمجھے منصوبے کے تحت مسلمانوں کے خلاف بالعموم پورے ہندوستان میں اور بالخصوص مشرقی پاکستان میں ایک باقاعدہ مہم کا آغاز کردیا۔اسی کے نتیجہ میں انسانیت کے دشمن ہندوؤں اور سکھوں نے لاکھوں عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کو قتل کیا اور ان کی بے حرمتی کی اور نوجوانوں پر بڑی بے دردی کے ساتھ ظلم کیا۔'' (مطالعہ پاکستان برائے ہائر سکینڈری لیول، خیبر پختونخواہ ٹکسٹ بک بورڈ۔ پشاور، صفحہ نمبر41-40 اردو میڈیم) تاہم تاریخی واقعات اس کے برعکس تصویر بھی دکھاتے ہیں۔

| قومی وبین الاقوامی قوانین | امتیاز |
|---|---|
| 1۔آئینِ پاکستان کی شق نمبر 20 مذہب کے اظہار کا تحفظ فراہم کرتی ہے۔ | تعلیمی پالیسی سوائے اسلام کے، کسی دوسرے مذہب کی تعلیمات اوراس کے پیروکاروں کے نظریات کو کوئی جگہ نہیں دیتی۔ |
| 2۔ بین الاقوامی منشور برائے انسانی حقوق کی شق 26 (2,3) تعلیم کے مقاصد کو بیان کرتی ہے | نصابی کتب اگرچہ دوسرے مذاہب کا ذکر تو کرتی ہیں مگر ایک متعصّبانہ انداز میں |
| 3۔بچوں کے حقوق کا بین الاقوامی معاہدہ کی شق نمبر 29 یہ کہتی ہے کہ بچوں کی تعلیم کا مقصدان کی شخصیت، استعداد اور مہارتوں کو نکھارنا ہونا چاہیئے۔ یہ بچوں کی حوصلہ افزائی کرے کہ وہ دوسروں کا احترام، انسانی حقوق، اپنی اور دوسروں کی ثقافت کا احترام کریں۔ | ماہرینِ تعلیم، دانشوروں اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے اس مسئلہ کی طرف متعلقہ حکام کی بار ہا توجہ دلائی مگر ابھی تک اس کا کوئی نتیجہ نہیں نکلا۔ |
| 4۔اقوامِ متحدہ کا اعتقاد اور مذہب کی بنیاد پر عدم برداشت اور امتیاز کی تمام اقسام کے خاتمہ کا معاہدہ | 1992ء سے حافظ قرآن کو پبلک سروس کمیشن، سرکاری ملازمت اور فنی مہارتی اداروں کیلئے 20 اضافی نمبروں کی سہولت حاصل ہے۔ مگر اقلیتی طلبہ وطالبات کیلئے حکومت کی کوئی ایسی پالیسی نہیں ہے۔ |
| 5۔آئین پاکستان کا آرٹیکل (i) 25 یہ کہتا ہے کی تمام شہری قانون کی نظر میں برابر ہیں اور انہیں برابر کا قانونی تحفظ حاصل ہے۔ | مسلمان طلبہ وطالبات سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں اسلامیات کو بطور لازمی مضمون پڑھتے ہیں۔ غیر مسلم طلبہ و طالبات کیلئے اخلاقیات کا مضمون اسلامیات کے مضمون کی جگہ بطور متبادل موجود ہے مگر اس کی کتابیں اور اساتذہ میسر نہیں ہیں اسی وجہ سے اقلیتی طلبہ و طالبات اسلامیات پڑھنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ |

(5)

بچوں کے حقوق کا معاہدہ

(6)

ثقافتی تنوع کا بین الاقوامی منشور

(7)

اقوامِ متحدہ کے کمیشن برائے انسانی حقوق کی اقلیتوں کے حوالے سے قرارداد

مزید تلخ حقیقت یہ ہے کہ خیبر میڈیکل کالج میں اقلیتوں کیلئے صرف ایک نشست مخصوص کی گئی ہے۔ تاہم پشاور یونیورسٹی اس صوبہ میں واحد تعلیمی ادارہ ہے کہ جس کے ہر شعبہ میں داخلہ کیلئے اقلیتوں کیلئے دو نشستیں مخصوص کی گئی ہیں۔

## بنیادی حقوق اور تعلیمی پالیسی

اردو کی نصابی کتب میں اب بھی ایسا مواد موجود ہے کہ جس میں کہا گیا ہے کہ ''ہم اس وقت اچھے شہری ہو سکتے ہیں جب ہم اچھے مسلمان بنیں گے''۔ ایسا مواد یہ سوال اٹھاتا ہے کہ ایک غیر مسلم کیسے اچھا شہری بنے۔

## نصابی کتب میں نفرت انگیز مواد کے حوالہ جات

(۱) مسلمانوں نے، جب ان کی صوبہ خیبر پختونخواہ میں حکمرانی تھی، غیر مسلموں سے بہت اچھا سلوک کیا جبکہ غیر مسلموں نے مسلمانوں کے خلاف دل میں ایک دشمنی کو پنپنے دیا۔ جب انگریز حکمرانوں نے علاقہ پر قبضہ کیا تو انہوں نے مسلمانوں کے خلاف انگریزوں کا ساتھ دیا۔ لہذا انگریزوں نے سارے ملک کو فتح کرلیا۔ (معاشرتی علوم صفحہ نمبر 16 خیبر پختونخواہ ٹیکسٹ بک بورڈ)

(۲) خیبر پختونخواہ ٹیکسٹ بک بورڈ کی پانچویں جماعت کی معاشرتی علوم کی کتاب کے شروع میں چار عنوانوں یا سرخیوں کے تحت تاریخ کے حوالے سے 11 صفحات ہیں۔ ان میں سے ایک ''ہندو اور مسلمان تہذیبوں کا فرق'' ہے۔ جس میں ہندو مذہب کے خلاف بہت سارا مواد موجود ہے۔ پاکستانی ہندوؤں کو اسے پڑھ کر اچھے نمبر لینے کیلئے امتحانوں میں یہ سب لکھنا پڑتا ہے۔

میں داخلہ کیلئے اسے صرف تین نمبر درکار تھے جبکہ دوسری طرف کئی درجن مسلمان طلبہ وطالبات کو وہاں داخلہ کیلئے حافظ قرآن ہونے کے ان 20 نمبروں کا فائدہ حاصل ہوا۔

لاہور ہائی کورٹ نے یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز اور صوبائی محکمہ صحت کو اس مسئلہ کو ایک ماہ میں حل کرنے کی ہدایات جاری کیں مگر ہارون کو ایک مرتبہ پھر عدالت سے رجوع کرنا پڑا جب دونوں محکمہ جات اس مسئلہ کو حل کرنے میں ناکام رہے۔ جس کے نتیجہ میں وہ اس میڈیکل کالج میں داخلہ لینے سے محروم رہا۔ اسی طرح ایک قابل ہندو طالب علم (ساگر) کو میڈیکل کالج کراچی میں داخلہ دینے سے اس بنا پر انکار کر دیا گیا کہ اس نے سکول میں اسلامیات کو بطور لازمی مضمون نہیں پڑھا تھا۔

اسلامیات کے علاوہ اسلام سے متعلق مواد معاشرتی علوم اور لسانیات کے مضامین میں بھی شامل ہے اور غیر مسلم طلبہ وطالبات اسے پڑھنے پر مجبور ہیں۔

## بین الاقوامی قانونی دائرہ کار

پاکستان نے مختلف مواقع پر اقلیتوں کے حقوق سے متعلق درج ذیل معاہدوں کی توثیق کر رکھی ہے۔

(1)

اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی طرف سے 18 دسمبر 1992ء کو قرارداد نمبر 47/135 کے تحت قومی، نسلی، مذہبی، اور لسانی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کے حقوق کے معاہدے

(2)

25 نومبر 1981ء میں قرارداد نمبر 36/55 کے تحت اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی طرف سے عدم برداشت، مذہب اور عقائد کی بنیاد پر تفریق کو ختم کرنے کا معاہدہ

(3)

مذہب کی بنیاد پر عدم برداشت کی تمام اقسام کے خاتمے کا 1967ء کا معاہدہ

(4)

بین الاقوامی معاہدہ برائے شہری وسیاسی حقوق

اسے لازمی قرار دے دیا گیا۔مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ و طالبات کیلئے اس بات کی گنجائش موجود ہے کہ وہ اسلامیات کی جگہ دوسرا اختیاری مضمون جیسے کہ اخلاقیات پڑھ سکتے ہیں۔مگر یہ بات مشاہدہ میں آئی ہے کہ غیر مسلم طلبہ وطالبات کو مختلف وجوہات کی بنا پر اخلاقیات کا مضمون اختیار کرنے کی بجائے اسلامیات کا مضمون اختیار کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ان وجوہات میں سے چند درج ذیل ہیں:۔

(۱)غیر مسلم طلباء وطالبات اکثر اوقات تعصب سے بچنے کی وجہ سے اسلامیات پڑھتے ہیں
(۲)اخلاقیات کے مضمون میں بھی اسلام کے بارے میں ابواب موجود ہیں تو پھر اسلامیات سے انکار کیوں؟ اسلامیات کو بطور مضمون پڑھنے سے انہیں اچھے نمبر بھی مل جاتے ہیں
(۳)اخلاقیات کے مضمون کی کتابیں اور اساتذہ میسر نہیں ہیں
(۴)اخلاقیات کے مضمون میں کوئی ایسا مواد موجود نہیں جو دوسرے مذاہب کے بارے میں بتائے۔

## اضافی نمبر

سال 1992 میں پاکستان مسلم لیگ نواز کی حکومت ایک نئی پالیسی کے ساتھ برسرِ اقتدار آئی کہ جس میں حفاظ اکرام کو تعلیمی اداروں میں داخلہ ٹسٹ میں اضافی نمبر دیئے جانے لگے۔اکتوبر 2008 میں پنجاب اسمبلی کے ایک اقلیتی رکن خلیل طاہر سندھو نے صوبائی قانون ساز ادارے کی توجہ حفاظ اکرام کیلئے مخصوص نمبروں کی طرف دلانے کی کوشش کی۔انھوں نے ایسے اقلیتی طلبہ وٗ طالبات کیلئے جو اپنے مذہب کے متعلق اضافی علم رکھتے ہوں ان کیلئے بھی ان 20 نمبروں کا مطالبہ کیا۔پنجاب اسمبلی نے اس معاملہ کو کافی التواء میں ڈالنے کے بعد آخر کار آرچ بشپ لارنس جان سلڈانہ سے ان کی رائے جاننے کیلئے خط لکھا۔آرچ بشپ نے کہا کہ ایسے مسیحی طلباء وطالبات جن کی اپنے مذہب کے متعلق معلومات (کے۔سیکرامنٹ) کے برابر ہوں انہیں حفاظ اکرام کے برابر 20 اضافی نمبروں کے اہل قرار دیا جاسکتا ہے۔انہیں گرجا گھر سرٹیفکیٹ جاری کر سکتے ہیں،مگر ابھی تک پنجاب اسمبلی کے اس فیصلے پر کوئی عملدرآمد نہیں ہوسکا۔

اسی اثناء میں ضلع ڈیرہ غازی خان (پنجاب) کے مسیحی برادری کے ایک رکن ہارون آصف کو اپنا ایف ایس سی کا امتحان نمایاں نمبروں کے ساتھ پاس کرنے کے باوجود پنجاب کے ایک میڈیکل کالج میں داخلہ نہ مل سکا۔اس نے لاہور ہائی کورٹ میں اپنے تین سالہ بائبل سکول کورس کا سرٹیفکیٹ پیش کرتے ہوئے استدعا کی کی اسے بھی یہ اضافی 20 نمبر دیئے جائیں۔میڈیکل کالج

کے سپیکر دیوان بہادر ایس۔ پی۔ سنگھا نے پاکستان کی قرارداد کیلئے پاکستان کے حق میں اپنا فیصلہ کن ووٹ استعمال کیا۔ تاہم ان درخشاں حقیقتوں کے باوجود پاکستان میں غیر مسلم طلبہ وطالبات کو نصابی کتب میں یہ پڑھنے پر مجبور کیا جاتا ہے کہ مسلمانوں نے قیامِ پاکستان کیلئے بے پناہ قربانیاں دیں جبکہ تحریکِ آزادی میں غیر مسلموں کے تعاون کو یکسر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔

اسلامیات کی جگہ مذہبی اقلیتوں کیلئے کوئی دوسرا اختیاری مضمون مہیا نہیں ہے۔ اس لئے اقلیتی طلبہ وطالبات اسلامیات پڑھنے پر مجبور ہیں حالانکہ یہ ان تمام بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے جن کی ضمانت آئینِ پاکستان اور بین الاقوامی معاہدات کے تحت دی گئی ہے۔ مذہب کے حوالے سے تعلیمی اداروں کیلئے آئینِ پاکستان کی شق یہ کہتی ہے:

## شق نمبر 21

(1) کسی بھی فرد کو ایسا ٹیکس ادا کرنے کے لیے مجبور نہیں کیا جائے گا جس سے حاصل کردہ رقوم کو اس کے مذہب کے علاوہ دیگر مذاہب کی تعلیم وترویج کے لیے استعمال کیا جاتا ہو۔

(2) کسی مذہبی ادارے کے سلسلے میں محصول لگانے کی بابت استثناء یا رعایت منظور کرنے میں کسی فرقے کے خلاف کوئی امتیاز روا نہیں رکھا جائے گا۔

(3) قانون کے تابع

(الف) کسی مذہبی فرقے یا گروہ کو کسی تعلیمی ادارے میں جو کلی طور پر اس فرقے یا گروہ کے زیر انتظام ہو اس فرقے یا گروہ کے طلباء کو مذہبی تعلیم دینے کی ممانعت نہ ہوگی اور

(ب) کسی شہری کو محض نسل، مذہب، ذات یا جائے پیدائش کی بناء پر کسی ایسے تعلیمی ادارے میں داخل ہونے سے محروم نہیں کیا جائے گا جسے سرکاری محاصل سے امداد ملتی ہو۔

## شق نمبر 22

کسی تعلیمی ادارے میں تعلیم پانے والے کسی شخص کو مذہبی تعلیم حاصل کرنے یا کسی مذہبی تقریب میں حصہ لینے یا مذہبی عبادت میں شرکت کرنے پر مجبور نہیں کیا جائے گا اگر ایسی تعلیم، تقریب یا عبادت کا تعلق اس کے اپنے مذہب کے علاوہ کسی اور مذہب سے ہو

یہاں اس بات کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ 1975ء تک پاکستانی نصاب میں اسلامیات ایک لازمی مضمون نہیں تھا لیکن بعد میں

## خیبر پختونخواہ میں اقلیتیں

| نمبر | اقلیت | آبادی |
|---|---|---|
| 1 | مسیحی | 49685 |
| 2 | ہندو جاتی | 6095 |
| 3 | احمدی | 57130 |
| 4 | چھوٹی ذاتیں | 802 |
| 5 | دیگر مذاہب | 19954 |
| | کل تعداد | 133666 |

پاکستان کے قیام کے وقت یہاں اقلیتوں کا تناسب 23 فیصد تھا مگر اب 68 سال گزر جانے کے بعد یہ تعداد آبادی کے تناسب کے لحاظ سے بڑھنے کی بجائے 3.72 فیصد تک رہ گئی ہے۔ کچھ خود مختار جائزہ رپورٹوں کے مطابق پاکستان کی اقلیتی آبادی 10 فیصد کے قریب ہے اور ان کے مطابق ہندوؤں، مسیحیوں اور احمدیوں میں سے ہر ایک کی تعداد قریب چار ملین ہے۔ پشاور میں موجود سکھوں کی کل آبادی جو کہ اندازاً دو ہزار ہے اور اس میں صوبائی دارالحکومت کے سکولوں میں جانے والے طلبہ وطالبات کی تعداد 475 ہے۔

## تعلیمی پالیسی اور اقلیتیں

سال 2009 میں تعلیمی پالیسی میں تبدیلیوں کے باوجود نصاب میں قابلِ اعتراض مواد موجود ہے۔ مثال کے طور پر طلبہ وطالبات کو ابھی تک یہ پڑھایا جاتا ہے کہ ''ہندو ناپاک ہوتے ہیں۔ یہودی مکار ہوتے ہیں جبکہ مسیحی ساری دنیا میں مسلمانوں کے خلاف برسرِ پیکار ہیں''۔ نصابی کتب میں تحریکِ پاکستان کے مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے رہنماؤں کا کوئی ذکر نہیں ہے جیسا کہ درج ذیل ہے:۔

تاریخی قراردادِ پاکستان کو سر ظفر اللہ خان نے تیار کیا جو کہ بعد میں پاکستان کے وزیرِ خارجہ رہے اور وہ احمدی تھے۔ پنڈت جگن ناتھ آزاد جو کہ ایک ہندو تھے انہوں نے قوم کے بانی قائدِ اعظم محمد علی جناح کی گزارش پر پاکستان کا قومی ترانہ تخلیق کیا۔ پنجاب اسمبلی

## اقلیتیں

اقوامِ متحدہ کا اقلیتوں کے حوالے سے 1992ء میں متفقہ طور پر منظور کردہ منشور کی شق نمبر 1 قومی، لسانی، سماجی اور زبان کی شناخت کو اقلیت ہونے کی بنیاد قرار دیتی ہے اور ریاستوں پر زور دیتی ہے کہ وہ اقلیتوں کے وجود کو تسلیم کریں۔

اقوامِ متحدہ کی ذیلی کمیٹی برائے ''استحصال کا خاتمہ اور اقلیتوں کا تحفظ'' کے خصوصی نمائندہ فرانسسکو کیپوٹارٹی کے مطابق ''اقلیت ایک ایسا گروہ ہے جو کہ ایک ریاست کی باقی آبادی کی نسبت تعداد کے لحاظ سے کم ہو، (غیر مساویانہ استعداد یا کم طاقتور ہو) اور جس کے نمائندگان ایک ریاست کے شہری ہوتے ہوئے ریاست کے باقی لوگوں سے مختلف لسانی، مذہبی اور زبان کی شناخت رکھتے ہوں اور اپنی زبان، مذہب اور تہذیبی روایات سے ہمدردی اور جڑت کا مظاہرہ کرتے ہوں۔

## پاکستان میں اقلیتیں

پاکستان آبادی کے لحاظ سے دوسرا بڑا مسلمان ملک ہے جس میں 96 فیصد مسلمان اور 4 فیصد مذہبی اقلیتیں بستی ہیں۔ جس میں ہندو، مسیحی، سکھ، پارسی، بہائی، کیلاش اور ہزارہ شامل ہیں۔ امریکہ کے سٹیٹ ڈپارٹمنٹ کی 2002ء کی بین الاقوامی رپورٹ برائے مذہبی آزادی کے مطابق پاکستان میں مذہبی اقلیتوں کی تعداد کچھ اس طرح سے ہے:۔

| نمبر | اقلیت | آبادی |
|---|---|---|
| 1 | مسیحی | 2.09 ملین |
| 2 | ہندو | 1.03 ملین |
| 3 | اسماعیلی | 900000 |
| 4 | احمدی | 286000 |
| 5 | بہائی | 50000-10000 |
| 6 | پارسی | 20000 |
| 7 | سکھ | 20000 |
| 8 | بدھ مت | 20000 |

یہ رپورٹ کچھ ایسی تجاویز بھی پیش کرتی ہے کہ جن پر عملدر آمد سے اوپر بیان کی گئی صورتحال کو بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے۔ سیپ پاکستان ریت نیٹ ورک (اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور بڑھوتری کا ایک نیٹ ورک) کا حصہ ہونے کے ناطے یہ یقین رکھتا ہے کہ یہ کاوش اقلیتوں کی حالتِ زار کو بہتر بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔

محمد تحسین

ایگزیکٹو ڈائریکٹر

ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ پاکستان

# پیش لفظ

پاکستان دنیا کا دوسرا بڑا اسلامی ملک ہے اس میں مذہبی اقلیتیں تقریباً چار فیصد ہیں۔ ان اقلیتوں میں ہندو، مسیحی، سکھ، پارسی، بہائی، کیلاش اور دیگر مذاہب شامل ہیں۔ قیامِ پاکستان اور قومی ترقی میں ان کے مثبت کردار کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ صحت اور تعلیم کے میدان میں انکی خدمات نا قابلِ فراموش ہیں۔ قوم کی معیاری تعلیم اور صحت کے میدان میں اقلیتوں کے بہت سے کارہائے نمایاں ہیں۔ ان کے تعلیمی اداروں کا ملک میں اعلیٰ ذہانت کے حامل لوگوں کو پیدا کرنے میں ہمیشہ سے ایک اہم کردار رہا ہے۔

جبکہ دوسری طرف بدقسمتی سے اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے ان لوگوں کا پاکستانی شہری ہونے کے باوجود بڑے پیمانے پر استحصال دیکھنے میں آیا ہے۔ ملکی اور بین الاقوامی سطح پر ان کے حقوق کو تحفظ فراہم کرنے والے قوانین کے باوجود زندگی کے تقریباً تمام شعبوں میں ان اقلیتوں کا استحصال موجود ہے۔ تعلیم جو کسی بچے کا بنیادی حق ہونے کے ساتھ ساتھ لوگوں کی حالتِ زار کو بہتر بنانے کیلئے اہم کردار ادا کرتی ہے، وہ بھی جانبدار رہا ہے۔ تعلیمی شعبہ کی یہ جانبداری اور ان کی یہ پالیسی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے طلباء کو مناسب مواقع فراہم نہیں کرتی۔ ایسے طلبہ و طالبات کے ساتھ تعلیمی اداروں میں مختلف طریقوں سے بشمول پسند کے مضامین، خاص طور پر ان کے مذاہب کے حوالے سے، اختیار کرنے یا اسلامیات کی جگہ کوئی متبادل مضمون پڑھنے کے حوالے سے امتیاز برتا جاتا ہے۔

حکومتی سکولوں میں اقلیتوں کے زیرِ تعلیم طلبہ و طالبات کو نہ تو شہریت اور اخلاقیات جیسے مضامین اختیار کرنے کی سہولت فراہم کی جاتی ہے اور نہ ہی ان مضامین کو پڑھانے والے اساتذہ میسر ہیں۔ یہاں تک کہ ان طلباء کو حافظِ قرآن کی طرح اپنے مذاہب کا علم رکھنے پر اضافی نمبروں سے بھی محروم رکھا جاتا ہے اور وضائف بھی نہیں دیئے جاتے۔

اگرچہ اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے طلباء سے یہ امتیاز ملک کے تمام حصوں میں موجود ہے تاہم خیبر پختونخواہ ایک ایسا صوبہ ہے کہ جہاں انہیں تعلیمی لحاظ سے کچھ زیادہ مسائل کا سامنا ہے۔ ان مسائل کی اہمیت کو مدّنظر رکھتے ہوئے ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ پاکستان زیرِ نظر جائزہ رپورٹ کو شائع کر رہا ہے۔ یہ جائزہ رپورٹ اس صوبہ میں اقلیتی طلباء کو درپیش مسائل جیسا کہ: تعلیمی اداروں میں ان کا استحصال، تعلیمی پالیسی میں موجود مسائل، اس استحصال کے اثرات، قومی اور بین الاقوامی سطح پر انکے تحفظ کیلئے موجود قوانین کی خلاف ورزی اور تعلیمی پالیسی کا از سرِ نو جائزہ لینے کی اہمیت جیسے معاملات کو اجاگر کرتی ہے۔

جملہ حقوق: بنام ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ۔ پاکستان

تجزیہ: ہاشم رضا

ترجمہ: ممتاز نواز مستوئی

ایڈیٹر: صدف تنویر، رانا کاشف

ناشر:

ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ۔ پاکستان

حسیب میموریل ٹرسٹ بلڈنگ، 2 کلومیٹر رائیونڈ روڈ، ناصر آباد

پوسٹ آفس ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور۔ 53700

پاکستان

فون: 5 & 3 ,35311701-42-92+

فیکس: 35377710-42-92+

email: info@sappk.org

www.sappk.org

تعداد- 1000

ڈیزائن اینڈ پرنٹنگ

وژنریز ڈویژن

+92-42-35955190/4990

# تعلیمی پالیسی اور مذہبی اقلیتیں

## ایک جائزہ

مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے طلباء اور طالبات کو تعلیمی استحصال کا سامنا ہے اور انھیں اسلامیات کے متبادل مضمون کی فراہمی کے ذریعے سے سہولت فراہم کرنا وقت کی ایک اہم ضرورت ہے۔

ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ۔ پاکستان

ساؤتھ ایشیاء پارٹنرشپ، پاکستان



# تعلیمی پالیسی
# اور مذہبی اقلیتیں

مذہبی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے طلباء اور طالبات کو تعلیمی استحصال کا سامنا ہے اور انھیں اسلامیات کے متبادل مضمون کی فراہمی کے ذریعے سے سہولت فراہم کرنا وقت کی ایک اہم ضرورت ہے۔

ساؤتھ ایشیاء پارٹنرشپ، پاکستان